**حیسکو پریس رلیز مورخہ :21.12.2021**

## صنعتکاروں کے تمام بجلی کے ترقیاتی منصوبے اولیت کی بنیاد پر مکمل کیئے جائیں گے،صنعتکار ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرر ہے ہیں اس لیئے حیسکو انتظامیہ بھی صنعتکاروں کے بجلی سے متعلق تمام مسائل کو جلد سے جلد حل کرے گی اور اس سلسلے میں بہت جلد نوری آباد اور حیدر آباد سائٹ میں کسٹومر کیئر سینٹر قائم کیا جائے گا۔حیسکو چیف نور احمد سومرو کا صنعتکاروں سے ملاقات میں اظہار

## چیمبر آف کامرس حیدر آباد،نوری آباد اور کوٹڑی کے وفدوں نے حیسکو چیف کو ملاقات مین یقین دلایا کہ ہم حیسکو کے ہر ترقیاتی منصوبوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں،جس میں نئے گرڈ اسٹیشن اور 11 کے وی فیڈروں کے ساتھ فوری بجلی کے کنکشن کی سہولتیں دی جارہی ہیں اور بجلی کے بل تمام صنعتکار مقررہ وقت پر پابندی سے ادا کرتے رہیں گے۔حاجی ضیاء الرحمان ودیگر کی یقین دہانی

حیدر آباد( ) چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو سے چیمبر آف کامرس حیدر آباد،نوری آباد اور کوٹڑی کے مختلف وفدوں نے حاجی ضیاء الرحمان کی سربراہی میں ملاقات کی اور تاجروں/صنعتکاروں کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل کے بارے میں حیسکو چیف سے بات چیت کی،حیسکو چیف نے صنعتکاروں سے ملاقات میں کہا کہ صنعتکار ملکی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ہم اپنے ملک کی ترقی کیلیئے صنعتکاروں کے تمام تر بجلی سے متعلق مسائل جلد از جلد حل کرینگے،اس کیلیئے ہم جلد نوری آباد اور حیدر آباد سائٹ ایرا میں کسٹومر کیئر سینٹروں بھی قائم کریں گے،حیسکو میں جاری صنعتکاروں کیلیئے تمام ترقیاتی منصوبے اولیت اور شفاف میرٹ کی بنیاد پر مکمل کیئے جائیں گے جس میں نئے گرڈ اسٹیشن اور 11 کے وی فیڈر،اور آسان فوری بجلی کے نئے کنکشنوں کی سہولتیں دی جائیں گی۔صنعتکاروں کے وفد میں کوٹڑی کے خلیل بلوچ،حیدر آباد سائٹ کے عامر بھی شامل تھے۔اس موقع پر صنعتکاروں نے حیسکو چیف نور احمد سومرو کو یقین دلایا کہ اور حیسکو میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں،اور اپنے تمام تر بجلی کے بلوں کی ادائیگی مقررہ وقت میں کرینگے۔وفد نے حیسکو چیف کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر تمام تاجروں اور صنعتکارون نے حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا،اور کہا کہ ہم آپ کے بیحد مشکور ہیں جو ہمارے جملہ جائز مسائل مروجہ قانون کے مطابق اولیت کی بنیاد پر حل کرواتے ہیں جس سے ہمارا اعتماد بحال ہوا ہے۔ مورخہ **:21.12.2021**





حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو سے چیمبر آف کامرس حیدرآباد، کوٹری اور نوری آباد کے صنعتکار ملاقات کر رہے ہیں